امام احمد رضا خان

کے عقائد و نظریات

مصنفین

ڈاکٹر الشیخ جبریل فواد حداد

پیر الیاس قادری کشمیری چھتروہی

رضا اکیڈمی انٹرنیشنل

بسم الله الرحمن الرحيم

مصنفین

ڈاکٹر شیخ جبریل فواد حداد شامی
الحاج پیر محمد الیاس چھتروہی قادری کشمیری

مترجم

ڈاکٹر عبد النعیم عزیزی بریلی

مرتب

حافظ محمد وسیم رضا قادری

رضا اکیڈمی سٹاکپورٹ . یوکے (برطانیہ)
Tel: 0161-477 1595

نام کتاب — امام احمد رضا خاں کے عقائد و نظریات
مصنفین — ڈاکٹر شیخ جبریل فواد حداد شامی
الحاج پیر محمد الیاس چھتروہی قادری کشمیری
مترجم — ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی بریلی
پروف ریڈنگ — حضرت علامہ مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری
الحاج پیر محمد الیاس چھتروہی قادری، کشمیری
بانی رضا اکیڈمی (انٹرنیشنل)
باراول — ربیع الاول ۱۴۲۶ ہجری/اپریل 2005ء
ناشر — Raza Academy (International)
138-Northgate Road, Stockport, SK3 9NL, U.K.

رضا اکیڈمی کی شاخیں
رضا اکیڈمی: داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور
رضا اکیڈمی: مدینہ مسجد سیکٹر سی 2 میرپور آزاد کشمیر
رضا اکیڈمی: 104 جیسولی بریلی، یوپی (انڈیا)

پاکستان میں ڈسٹری بیوٹر: علمی پبلشرز داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور
مکتبہ اشرفیہ مرید کے ضلع شیخوپورہ
انڈیا میں ملنے کا پتہ: رضا اسلامک اکیڈمی 104 جیسولی، بریلی، یوپی (انڈیا)

اس کتاب کو ”رضا اکیڈمی سٹاکپورٹ یوکے“ کی سلور جوبلی کے موقع پر شائع کیا گیا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کلماتِ مرتّب

شیخ الاسلام امام احمد رضا کی ذات ستودہ صفات ۱۴ ویں اسلامی صدی (۲۰ ویں عیسوی) کی تمام عالمِ اسلام میں سب سے بڑی اور سب سے نمایاں شخصیت تھی۔ یہ صرف عقیدت کی بڑھ نہیں ہے بلکہ ایک ایسی حقیقت ہے جسے ہر طرح سے پرکھا جا چکا ہے اور تسلیم کر لیا گیا ہے کہ امام احمد رضا دینی و دنیوی علوم کے ایسے کوہِ ہمالہ تھے جس کی بلندی اور عظمت وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مزید نمایاں ہو رہی ہے۔

شیخ الاسلام نے جن غداران دین کے فریب کو بے نقاب کیا تھا آج ان کی دین و ملت سے غداری بہت بڑھ چکی ہے مگر یہ ان غداروں نے جیسا کہ ان کا وطیرہ ہے امام کی شخصیت پر جھوٹے الزامات کے تیر چلائے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ بلکہ اس میں بڑی شدت آ گئی ہے۔

امام کے وصال کو ستاسی (۸۷) سال ہو چکے ہیں مگر ان کے عقیدت مندوں اور ماننے والوں نے امام کے ساتھ انصاف نہیں کیا ہے۔ اور امام کی سوانح حیات، جدید تحقیق کی روشنی میں مرتب نہیں کی، ان پہلوؤں کو زیادہ اجاگر کیا جن پر اتنی توجہ کی چنداں ضرورت نہیں اور ان پہلوؤں کو کسی حد تک فراموش کر دیا جن پر توجہ کی ضرورت تھی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ امام کو ہمہ پہلو پر جدید تحقیقات کی روشنی میں پرکھا جائے اور جدید ماہرین سے یہ کام کروایا جائے۔

ملتِ تنگِ وطن احسان الٰہی ظہیر کی کتاب، شیخ ڈاکٹر جبریل فواد کو پہنچی تو ان کو تجسس ہوا کہ شخصیت کے ردّ میں یہ کتاب ہے پیش کیا جائے۔ ان کی سچی جستجو تھی لہٰذا ان کو جلد معلوم ہو گیا کہ امام احمد رضا کون تھے ان کی شخصیت اور کارناموں سے آگاہی کے بعد موصوف نے فیصلہ کیا کہ اس تنگِ دین و ملّت، احسان الٰہی ظیر کا پول کھولا

جائے۔

اس طرح قلم اٹھایا اور لکھنا شروع کیا، یہ کتاب عربی میں ہے اس کا انہوں نے خود ہی انگریزی ترجمہ کیا اور رضا اکیڈمی، سٹاک پورٹ برطانیہ کو دیا کہ اسے شائع کیا جائے ان کا یہ مقالہ اپنے علمی مجلّہ ''دی اسلامک ٹائمز'' میں قسط وار شائع کیا۔ شیخ جبریل فواد اس جانب مزید کام کر رہے ہیں اور وہ عنقریب ہم کو عنایت فرمائیں گے۔ جو قارئین کی خدمت میں پیش کیا جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز

ہم شکر گزار ہیں حضرت ڈاکٹر مولانا عبدالنعیم صاحب بریلوی کے، انہوں نے نوازش کرتے ہوئے اس کا ترجمہ کر دیا۔ مولا کریم اُن کی محنت قبول فرمائے۔ آمین

قارئین سے گزارش ہے کہ ہم سب ساتھیوں کو ہمیشہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں دعاؤں میں بڑا اثر ہوتا ہے۔ بقول اقبال ع

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

پر نہیں، طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

محمد الیاس

قادری، چھتروہی، کشمیری

دارالعلوم منظر اسلام

اور

خلافت، ترک موالات اور تحریکات، ہجرت

❁

شیخ الاسلام امام احمد رضاؒ نے ۱۳۲۴ھ / مطابق ۱۹۰۴ء میں دارالعلوم منظر اسلام قائم فرمایا۔ اس جامعہ (دارالعلوم) کے قیام کی ضرورت اس لیے محسوس کی گئی کہ متحدہ ہندوستان پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کے بعد برطانوی سامراج نے قدیم سنی اسلامی مدارس برباد کر دیے تھے بدمذاہب جو برطانوی نوآبادکار کے ایجنٹ تھے۔ مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لیے انہوں نے اپنے مدارس قائم کیے لہٰذا ایک ایسے سنی ادارہ کی ضرورت تھی جو ان ایجنٹوں کے برپا کیے ہوئے خلا کو پُر سکے۔

امام احمد رضا نے اس دارالعلوم کے قیام سے قبل ایک دس نکاتی نظریہ پیش فرمایا تھا۔ انہوں نے اس دس نکاتی نظریہ پر خودسختی سے عمل کیا تاکہ سرسید کی جدت اور برطانوی نوآبادکاری کی حمایت کردہ وہابیت کے کھلے باطل نظریہ سے ہندستانی مسلمانوں کا تحفظ کیا جا سکے۔ جن کے پیشِ نظر مقاصد میں سے ایک مقصد اصل اسلام کو مٹانا تھا۔

امام احمد رضا نے اس دارالعلوم کو ایسے وقت قائم فرمایا جبکہ ہر جگہ اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی اور ظاہر ہے کہ تمام تر دینی و دنیوی علوم

وفنون پر حاوی امام احمد رضا کے سوا اس ضرورت کو پورا بھی کون کرسکتا تھا؟

اس دارلعلوم کے قائم ہوتے ہی پورے ملک کے طلبہ اس کی طرف کھنچنے لگے اور پھر اس دارلعلوم کے طلباء و فارغ التحصیل فضلاء اور اساتذہ پورے ملک میں پھیل گئے ،اور انہوں نے بدمذہبوں کے برپا کئے خلا کو پُر کرنے اور مسلم قومیت کی تشکیل میں سخت جدوجہد کی جس قومیت کو برطانوی سامراج قصداً برباد کرنے پر تلا ہوا تھا۔بعد میں اس دارلعلوم کی شاخیں بھی پورے ہندستان میں قائم کی گئیں۔

ہندستانی مسلمانوں کے سامنے جب بھی کسی جانب سے کسی بھی طرح کا چیلنج آیا منظر اسلام کے طلباء و اساتذہ اور فضلاء ، مسلم عقائداور مسلم قومیت کے تحفظ کے لیے ایک مستحکم قلعہ بن کر کھڑے ہو گئے ۔وہ بغیر کسی شکست کے اپنی کوششوں میں ہمیشہ کامیاب اور کامران رہے ۔ ان کی تعلیم ،تعلیمی دلچسپی اور اصل اسلامی عقائد کی جلا بخشی کے لیے امام احمد رضاؒ کی انتھک مساعی کارفرما تھی یہی وجہ تھی کہ خالص اسلامی عقائداور نظریات ان کے دل و دماغ پر جمے تھے۔

امام احمد رضاؒ کا صرف یہی کارنامہ اس قدر عظیم اور اہم ہے کہ اگر اس کے سوا اور کچھ نہ کرتے تو بھی ہندستانی مسلمانوں اور آنے والی نسلوں میں بحیثیت محسن ہمیشہ یاد رہتے۔

خلافت ،ترک موا الات اور تحریکات ، ہجرت میں امام احمد رضا اور منظر اسلام کا کردار

پہلی عالمی جنگ کے دوران مشرقِ وسطیٰ، افریقہ اور ترکی میں لاکھوں مسلمانوں کے قتل اور ان پر ظلم و جبر کے خلاف ہندوستانی مسلمان احتجاج کررہے تھے کچھ نیشلسٹ مسلمان جن میں محمد علی جوہر اور شوکت علی جوہر جیسے چندسنی مسلمان سیاستدانوں کو چھوڑ کر اکثر دیوبندی اور اہلحدیث تھے جو اپنے مفادات کے لیے آگے بڑھے ان دونوں گروپوں نے اپنے ایجنڈے کے تحت اپنی گندی سیاست کھیلنے کا اسے اچھا موقعہ سمجھا۔ان نیشلسٹ لیڈروں نے احتجاجات کو ایک نیا رخ دینے کی کوشش کی اور خلافتِ ترکی کی بحالی کے نام پر ایک نئی تحریک کا آغاز کیا۔اس وقت گاندھی جو ایسے موقعے کی تلاش میں تھے انہوں نے ان نام نہاد مسلمانوں کو ان کے مقصد سے ہمدردی جتائی اور آخر کار گاندھی کوتحریکِ خلافت کا صدر منتخب کرلیا گیا۔

کیا کوئی سچا مسلمان لمحہ بھر کے لیے بھی یہ تصور کرسکتا ہے اور تحریکِ خلافت کی لیڈرشپ کی ذہنیت کو سمجھ سکتا ہے کہ ان لوگوں نے ایک ہندو بنیاد پرست کو اپنا لیڈر تسلیم کیوں کرلیا؟

ایک ایسے خالص اسلامی مقصد کے لیے وہ کتنے پر خلوص تھے؟

ان نام نہاد مسلم لیڈروں کے لیے یہ کس قدر شرم و غیرت کی بات تھی۔

تحریکِ خلافت کے صدر کی دھاندلی

تحریک خلافت کے صدر کی حیثیت سے گاندھی نے اس طریقے ہر طرح کا فائدہ اٹھایا اور اس تحریک کو اپنے خفیہ مقاصد کے لیے دوسری سمت موڑ کر تحریکِ ترکِ موالات میں بدل دیا۔اور نیشلسٹ اور نام نہاد مذہبی لیڈروں کو اپنے آلہ کار کی حیثیت سے استعمال کیا ان تحریکات کے دران برطانوی سامراج کو پہلی عالمی جنگ میں لڑنے کے لیے سپاہیوں کی ضرورت تھی ۔لہذا گاندھی اور نام نہاد مذہبی گمراہ لیڈروں نے ہندستان سے برطانوی فوج میں رنگ روٹوں کو بھرتی کروادیا۔اس بدلہ میں برطانوی سامراج نے جنگ کے بعد ہندوستان چھوڑنے کا وعدہ کیا تھا مگر وہ جنگ کے بعد مکر گئے۔

ترکِ موالات کی ابتداء

لہذا گاندھی اور نیشلسٹ لیڈروں نے برطانوی سامراج سے انتقام کے طور پر یہ تحریکِ ترکِ موالات چھیڑ دی ،گاندھی کا خفیہ مقصد دراصل مسلمانوں کو ذلیل اور برباد کرنا تھا۔

گاندھی نے مسلمانوں کو برطانوی سامراج سے سر دھڑ کی بازی لگا کرلڑنے پر بھڑکایا تھا تاکہ مسلمان اور برطانوی سامراج ایک دوسرے سے لڑیں اور ہندو اس سے فائدہ اٹھائیں اور ہندو خود کو امن پسند ظاہر کرتے ہوئے مسلمانوں کو برطانوی سامراج کی نظر میں بنیاد پرست، محارب، اور برطانیہ مخالف ثابت کرسکیں۔

ریاکاری سے ان لوگوں نے ایک خالص اسلامی مقصد کو اپنے مضموم انتقام کے لیے استعمال کیا ۔انہوں نے ایک پروگرام اختیار کرکے برطانوی سامراج سے عدم تعاون تیز تر کردیا تاکہ برطانوی سامراج کی گرفت کو کمزور اور منتشر کرسکیں۔

ان تحریکات میں نقصان ہر طرح سے ہندستانی مسلمانوں کی کثیر جماعت کو پہنچا ،کیونکہ ان کو نام نہاد ،قوم پرست اور گمراہ لیڈروں کے مطالبات کی تکمیل کے لیے بھینٹ کے طور پر استعمال کیا تھا۔

نام نہاد لیڈر اور اغیار کے ایجنٹ

مسلمان نیشلسٹ لیڈر خوب جانتے تھے کہ سلطان ترک نہ تو خلیفہ اسلام تھے اور نہ خلافت کا احیاء ان لیڈرون کا مقصد و مدعا تھا اسلامی شریعت کے مطابق سلطان ترکی خلیفہ نہیں ،بادشاہ تھے تو پھر ان کا مقصد کیا تھا؟

ابھی تک اس بات کو ہندستان یا پاکستان کی کتب تواریخ میں بحث میں کیوں نہیں لایا گیا؟اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ زیادہ تر تاریخ لکھنے والے انہیں لیڈروں کے پیروکار تھے اور وہ نہیں چاہتے تھے کہ ان کے پسندیدہ لیڈروں پر کوئی آنچ آئے۔انہوں نے اپنے مقصد کے حصول سے قبل تحریکِ خلافت چھوڑ کر تحریکِ ترکِ موالات اور تحریکِ ہجرت شروع کیوں کردی؟

وہ چندے جو لاکھوں مسلمانوں سے لیے گئے تھے اور جو ہندستانی کرنسی میں لاکھوں کروڑوں کی رقم پر مشتمل تھے کہاں صرف ہوئے؟دیوبندیوں اور

اہلحدیث کا مقصد تھا زیادہ سے زیادہ فنڈ جمع کرنا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ دنیا کے کسی بھی خطہ میں، حالات خراب ہوں مسلمان وہاں کے لئے چندہ دینے میں بڑے فیاض واقع ہوئے ہیں ان لیڈروں نے چندے کی رقم کا کچھ حصہ تو ترکی کے لیڈر مصطفٰے کمال پاشا کو دیا جسے انہوں نے اپنی پارٹی کے لیے استعمال کیا اور اصل حاجتمندوں کو کچھ بھی نہ دیا جان بوجھ کر ایک کثیر رقم اپنے خاص مقاصد یعنی مدارس کی تعمیر اور کتابوں کی اشاعت کے لیے استعمال کی تاکہ سوادِاعظم سنی مسلمانوں کو گمراہ کرسکیں۔

ایسے نازک وقت پر امام احمد رضااور طلباء و فضلاء و مدرسین منظر اسلام نے قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے مسلمانوں کی راہِ مستقیم پر رہنمائی کی کیونکہ ان نام نہاد مسلم لیڈروں نے انہیں برباد کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی تھی۔

تحریکِ خلافت اورتحریک ترکِ موالات کی پیروی میں تحریکِ ہجرت کا مقصد تھا سنی مسلمانوں کا صفایا کرنا دیوبندی، اہلحدیث اور گاندھی اس کے لیڈر تھے گاندھی نے ان گمراہوں کا مفتی بن کر فتوٰی دیا اور ان عیشلسٹ لیڈروں کوترغیب دی کہ ہندستان دارلکفر ہے لہذٰا اب مسلمانوں کا افغانستان کی طرف ہجرت کرنا فرض ہوگیا ہے۔

وہ مسلمان جنہوں نے دشمن کے ایجنٹوں کی اس باطل صدا پر اپنی جائدادیں ہندوؤں کو سستے داموں بیچ کر افغانستان کی طرف کوچ کیا ان میں بیس ہزار مسلمان تھے مگر وہ لیڈر جو اس تحریک کے خواہاں تھے ان میں سے کسی نے بھی ہجرت نہ کی ۔مہاجرین افغانستان کی سرحد پر ہی روک لیے گئے

اور واپس ہندستان بھیج دیے گئے۔

جب یہ مہاجرین ہندستان لوٹے تو ان میں سے کچھ تو دورانِ ہجرت ہی مر گئے اور بقیہ اب بے زر، تہی دست، بے در، بے گھر تھے کیونکہ ان کی جائدادیں ہندوں کے ہاتھوں فروخت ہوچکیں تھیں۔مگر کسی بھی عیشلسٹ لیڈر نے ان کی کوئی بھی مدد نہ کی۔وہ خود تو عیش وعشرت کی زندگی گزارر ہے تھے اور زندگی کے خوب مزے لے رہے تھے۔

امام احمد رضا اور طلباء و فضلاء و مدرسین منظر اسلام نے تحریک ہجرت کی مخالفت کی تھی اور مسلمانوں کو اس کی بربادی سے آگاہ کرتے ہوئے قائدانہ کردار ادا کیا انہوں نے بتایا کہ ہندستان دارالسلام ہے ان کا اپنا گھر ہے اور یہ لیڈر ان کے دوست نہیں دشمن ہیں جو انہیں کے مذہب کو ذلیل کرنا چاہتے ہیں بہت سے مسلمان جنہوں نے اس پر توجہ دی نہ انہوں نے اپنی جائدادیں فروخت کیں اور نہ ہجرت کی وہ بچے رہے۔

مولانا محمد علی جوہر اور ان کے بھائی مولانا شوکت علی جوہر جو مغربی علم کے تو تعلیم یافتہ تھے مگر علومِ اسلامیہ میں انہیں گہرائی حاصل نہ تھی وہ دیوبندیوں اور اہلحدیث گمراہ فرقوں کے اصل مقاصد کو نہ سمجھے اور نہ ہی گاندھی کی عیاری اور اس کے مقاصد کو سمجھ سکے جب انہوں نے دیکھا کہ ان کا منصوبہ کیا تھا اور ہو کیا گیا ؟ تو وہ غضبناک ہوگئے قبل ازیں تحریک خلافت کے دوران دونوں بھائی اس تحریک کی حمایت کے یے امام احمد رضاؒ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تھے۔

اور امام احمد رضا نے ان برادران کو بتایا تھا کہ یہ تحریکِ خلافت کے

احیاء کے لیے نہیں ہے بلکہ گاندھی اور بدمذہب لیڈروں کا خفیہ ایجنڈا سنی
مسلمانوں کو ذلیل کرنا اور ہندستان میں انہیں برباد کرنا اور ان کا صفایا کرنا
ہے۔امام احمد رضا نے ان لیڈران سے یہ بھی کہا کہ وہ (امام احمد رضا)
مسلمانوں کی آزادی اور ہندوستان کی آزادی کے مخالف نہیں ہیں لیکن وہ
کسی ہندو کو اپنا لیڈر تسلیم نہیں کر سکتے ہم لوگ ہندوستانی مسلمانوں یا
ترکی،مشرقِ وسطی اور افریقہ کے لیے جو کچھ کر سکتے ہیں کر رہے ہیں اور ان
کے لیے مالی فنڈ اکٹھا کرکے نیز دوسری قسم کی مدد جس کی انہیں ضرورت ہے
فراہم کرکے بھیج رہے ہیں۔

امام احمد رضا نے گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا سن لیجئے وہ لوگ آپ
دونوں کو استعمال کرنے اور اپنے خفیہ ایجنڈے میں مطلب برآری کے بعد تنہا
چھوڑ دیں گے۔

دونوں بھائیوں نے سوچا کہ جو امام احمد رضا نے فرمایا تھا ہو گیا تو
ان دونوں بھائیوں کو اس بات پر بہت ہی دکھ محسوس ہوا۔انہوں نے ان
بدمذاہب اور ایک مشرک پر اعتماد کرکے انہیں کے مقاصد کے لیے اپنے
مسلمان بھائیوں کے جان و مال کو برباد کر دیا اب وہ کر ہی کیا سکتے تھے
کیونکہ بہت سارے مسلمانوں کی اپنی ہی ملکیت ختم اور جانیں تباہ و برباد ہو
چکی تھیں ۔امام احمد رضاؒ انکے رفقاء،اساتذہ اور فارغ التحصیل فضلائے منظر
اسلام نے برباد ہونے والے مسلمانوں کی ہر ممکن مدد کی امام احمد رضاؒ
ہندستان کی آزادی کے لیے مخلص بھی تھے اور انہیں اس کی آزادی کا یقین
بھی تھا۔

امام احمد رضا کے ایک رفیق مولانا عبدالقادر بدایونی نے آزاد
ہندوستان کا ایک واضح اور بہت گیرائی و گہرائی کے ساتھ نقشہ بھی تیار کیا تھا
جسے تقسیم اور مشتہر بھی کیا تھا تاہم امام احمد رضا انکے رفقاء اور ان کے طلبہ کی
دور بینی کا اندازہ کر سکتے ہیں کہ انہوں نے دیکھ لیا تھا کہ کیا ہونے والا ہے
اسی لئے انہوں نے ہندستانی مسلمانوں لی آزادی کے لیے آزاد مملکت کا
تفصیلی منصوبہ بھی عطا کیا تھا۔

مسلمان اور بہت سارے ہندو، گاندھی سے ان کی دوہری چال کی
وجہ سے ان سے نفرت کرتے تھے مسلمان خاص طور پر اس کے مخالف تھے جو
کہ گاندھی کے متبعین اس سے عقیدت رکھتے تھے۔

اس بات کا بھی خوف تھا کہ گاندھی ایک ایسے مذہب کے قیام کی
کوشش میں تھا جو ہندو مسلمان کے امتیاز ہی کو مٹا کر رکھ دے اور اللہ تعالیٰ
کے نازل کردہ قرآنی احکام سے گاندھی اور ہندوؤں کو مستثنا رکھنے کے لیے
نیشلسٹ ملاؤں نے قرآن میں تحریف کی۔

قارئین ان نام نہاد مسلم بدمذہب لیڈروں کی ذہنیت کو سمجھ سکتے ہیں
جو اسلامی تعلیم سے ہٹ گئے تھے اسلام غیر مسلموں سے نفرت کی تعلیم نہیں
دیتا مگر ان کے عقائد کے تعلق سے امتیاز ضرور سکھاتا ہے۔

سبھی مسلمان اس بات سے واقف ہیں کہ شریعت اسلامی میں ترمیم
و تبدیلی قانون الٰہیہ پر حملہ اور اس کی بے حرمتی ہے لہٰذا بہت سارے
ہندوؤں نے بھی ان مسلمانوں کی طرح یہ سوچا کہ گاندھی نے ان بدمذہب
لیڈروں یعنی دیوبندیوں ،اہل حدیث اور آزاد کو سارے مسلمانوں پر اونچا

مرتبہ دے رکھا ہے اور گاندھی کو ریاکار تسلیم کیا آخر کار ۱۹۴۸ء میں گاندھی
اپنے ہی پیرو ہندو بنیاد پرست کے ہاتھوں اس ریاکارانہ نظریے کی وجہ سے
قتل کر دیے گئے۔

بہت سے مسلمان جنھوں نے اس شورش (بغاوت) میں حصہ لیا تھا
وہ اپنی پہلی شوکت کی واپسی کے خواہاں تھے ۱۸۹۷ء کے بعد کچھ مسلمانوں کو
یقین تھا کہ برطانوی کبھی ہندستان کو ضرور چھوڑیں گے ایسے ہی لوگوں میں
سرفہرست خاص الخاص امام احمد رضا بھی تھے۔

ایک دن امام احمد رضا نے اپنے کچھ خاص تلامذہ اور خلفاء کو بلایا
اور ان سے کہا: ”میں تم لوگوں کو کچھ بتانا چاہتا ہوں جو میں اللہ تعالیٰ کے فضل
وکرم سے دیکھ رہا ہوں تم لوگوں کو ہندستان کی آزادی میں مسلم جدوجہد اور مقصد
کی حمایت کرنا چاہیے اور ایک نئے مسلم ملک کے قیام کے لیے سعی کرنا
چاہیے۔“

اس کا واضح مطلب ہے کہ امام احمد رضا اپنی بصیرت سے مستقبل
میں دیکھ رہے تھے کہ جلد ہی ہندوستان ایک آزاد ملک بن جائے گا۔

امام احمد رضا نے جو پیش گوئی فرمائی ان کے وصال کے ۲۶ سال بعد
۱۹۴۷ء میں رونما ہوئی اور پاکستان کا وجود ہندوستانی مسلمانوں کے لیے عمل میں
آیا جہاں وہ خوشحال، مستحکم اور امن پسندانہ، مطمئن زندگی جی سکتے تھے۔مگر
جب پاکستان بن گیا تو ہم محوِ خواب ہو گئے اور جن گمراہوں نے قیامِ
پاکستان کی مخالفت کی تھی۔انہیں کھلی آزادی دے دی۔اس وقت ہماری
حالت وہی ہے جو قیامِ پاکستان سے پہلے تھی۔کیا ہم اس خوابِ غفلت سے

بیدار ہونگے؟ اور اپنی شناخت کرائیں گے؟ کب اور کس وقت اور کس طرح
بار بار سوچیے!

ہم نے کچھ تفصیل کے ساتھ اس پر بحث کی ہے کہ دارالعلوم منظر
اسلام نے ہندستانی مسلمانوں کے لیے کس طرح اہم تر کردار ادا کیا اور ایک
منظر اسلام کے قیام کی وجہ سے کیا کچھ منفعت حاصل ہوئی۔

غور کیجئے امام احمد رضا نے بریلی میں منظر اسلام نہ قائم کیا ہوتا تو کیا
ہوتا؟

اس سوال کا جواب دینا اتنا آسان نہیں ہے اور یہ اندازہ لگایا جا
سکتا ہے کہ تب کیا نتیجہ ہوتا؟

اگر منظر اسلام کا قیام عمل میں نہ آیا ہوتا تو آج پوری مسلم قوم کے
لیے پورے برصغیر میں گمراہی اور بے عملی ہوتی اور ہندستانی مسلمان صحرائی
حالت میں ہوتے اور حقیقتاً تباہ و برباد ہوگئے ہوتے۔

برصغیر کے سبھی مسلمانوں کو شیخ امام احمد رضا کا ممنون احسان ہونا
چاہیے ان کے اس کارنامے نیز قیام منظر اسلام کے لیے جو آج بھی ہر سمت
اسلامی علم کی روشنی بکھیر رہا ہے ہم امید کرتے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ
حضرتِ علامہ سبحان رضا خاں صاحب قادری رضوی سجادہ نشین آستانہ عالیہ
بریلی شریف کی سرپرستی میں یہ پھر جگمگائے گا اور آنے والی مسلم نسلوں کی
خدمت کا کارنامہ سرانجام دے گا۔

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

امام احمد رضا

پر احسان الٰہی ظہیر کے حملہ کا دندان شکن جواب

تحریر: ڈاکٹر شیخ جبریل فواد حداد شافی

ترجمہ: ڈاکٹر مولانا عبدالنعیم عزیزی

نوٹ:

احسان الٰہی ظہیر صوفی ازم کا سخت مخالف تھا جس نے بنام ''البریلویہ'' ایک کتاب لکھ کر مطبع رشیدیہ ،سعودی پبلشنگ ہاؤس مدینہ کے ناشرین کی شرکت سے شائع کی تھی اس کتاب کا مقدمہ عطیہ محمد سالم نامی کسی مجہول شخص کا لکھا ہوا ہے کہتے ہیں ظہیر کو اسی کی جماعت کے حریف گروپ نے ،لاہور (پاکستان) میں تقریر کے دوران بم دھماکہ سے قتل کر دیا تھا،

❁ مسئلہ عبد المصطفیٰ

ا۔ اس میں اس کا دعویٰ ہے کہ'' عبدالمصطفیٰ'' نام شرک ہے۔احمد رضا خاں بریلوی نے اپنی تصانیف میں اپنے آپ کو'' عبدالمصطفیٰ'' لکھا ہے صریحاً ایسا نام جائز نہیں ہے۔بہرحال یہ اس کے شرک کا اظہار نہیں تھا؟

جواب:۔ یہ کہنا کہ'' عبد المصطفیٰ'' نام شرک کا اظہا رہے، مسلمانوں کے عقیدہ کو بُرا کہنا ہے جو ایک غیر اسلامی وصف ہے۔خاص کر اگر اس سے رسول اللہ ﷺ کی غلامی کو مسترد کرنا مراد لیا جائے۔ والعیاذ باللہ!

'' عبد مصطفیٰ'' (بندۂ مصطفیٰ، غلام مصطفیٰ) گو معمول کے مطابق ہی ہے لیکن یہ نام رکھنا ممنوع نہیں یہ نہ تو عبادت کی علامت ظاہر کرتا ہے نہ ہی اظہار شرک ہے یہ رسول اللہ ﷺ کی غلامی اور احترام کے عہد کا ایک جواز ہے جو ہر مسلمان کے لیے واجب ہے۔

اسلامی تاریخ میں سنی علماء کے اس طرح کے ناموں کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔

ا۔ السید عبد النبی ابن السید الطیب البلگرامی در تصنیف السید آزاد البگری بعنوان ''مآثر الکرام'' صدیق حسن خان قنوجی کی کتاب '' ابجد العلوم'' میں شیخ یٰسین قنوجی کے حوالہ سے منقول ہے۔

۲۔ ملک شام کے حافظ (علم الحدیث کے عظیم عالم) السید عبداللہ سراج الدین الحلبی (م۲۰۰۲ء) نے اصول حدیث پر مشتمل کتاب'' السیقونیہ'' کی تفسیر میں ذکر کیا ہے۔

۳۔ امام علامہ الحجہ القدوہ والقاہمہ مفتی السادات المالکیہ دمشق

عبدالنبی ابن جامع المالکی المغربی مراکشی تلمیذ ،صوفی مجاہد اورولی السید ابوالحسن
علی ابن میمون الہاشمی القریشی التاسی (م۹۱۷ء) قاضی القضاۃ ابوالخیر محمد بن
عبد القادر بن جبرئیل الغزی المالکی اور مسجد الاقصی کے شافعی امام شیخ محی
الدین عبدالقادر ابن جامع المقدسی القادری (م۹۳۱ء) کے صاحبزادے
نے بالترتیب اپنی سوانح ''شجرۃ الذھاب'' میں ذکر کیا جبکہ مصنف
علاؤالدین الہروی اپنی ''تاریخ'' میں عبدالنبی ابن جامع کے بارے میں اس
طرح بیان کرتے ہیں۔

''علم وفضل اور مذہب کی ایک معتبر شخصیت'' اور الدرس فی تاریخ
المدارس کے مصنف ان کو ''شیخ الاسلام عبدالنبی المغربی المالکی کے نام سے
پکارتے ہیں۔

۴۔شہید حقیقی اور امام فاضل الجامع المحققن الصالح الشیخ عبد النبی
الصدرالشہید (م۹۹۰ء) جو سلطان کی جیل میں دم گھٹنے سے ۱۲ ربیع الاول کی
رات میں فوت ہوئے جیسا کہ الایدروس کی نورالھفیر میں منقول ہے۔

۵۔مفسر،محدث اور اصولی سید محمد ابن عبد الرسول ابن عبد السید ابن
قلندر الحسینی الشافعی الشہر الزوری المدنی (م۱۱۰۳ھ/۱۶۰۹ء) معجم المؤلفین (
۳: ۴۰۹ # ۱۴۰۴۴) سید محمد مصنف

(۱) سعد الدین وسیا والدین ثبوتوں کے ساتھ کہتے ہیں کہ نبی
اکرم ﷺ کے والدین بہشت میں ہیں۔

(۲) ''الا شاعۃ الاعشرہ الساعۃ'' (آخری لمحے کے پہلے حالات)
میں انہوں نے فرمایا:

اللہ نے نبی ﷺ کو ہر ہر ساعت کا علم سکھایا اور اسے اس کی نہایت
شدید فطرت اور حد درجہ اہمیت کے سبب افشاء کرنے سے منع فرما دیا۔

امام احمد رضا اشاعت، کی اس عبارت کو اپنی شاہکار تصنیف ''
الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ'' میں نقل کرتے ہیں (مطبوعہ بریلی صفحہ
۳۷۸،۳۸۰)۔

یہ حیرت انگیز بیان کہ'' عبدالرسول ، عبد النبی، غلام رسول، غلام
النبی'' نام رکھنا شرک ہے۔ہندوستان کے پہلے وہابی اسماعیل دہلوی کی کتاب
'' تقویۃ الایمان'' (دارالسلام،انگریزی اڈیشن صفحہ۴۲۔۴۵۔۱۴۱) کی ایجاد
ہے اور یہ کیسی ستم ظریفی ہے اس کتاب کے انگریزی اڈیشن کا مقدمہ غلام
رسول مہر، نامی شخص کا ہے۔عربی میں غلام 'عبد' ہی کو کہتے ہیں۔

ہمیں صرف یہ کہنا چاہیے کہ ہم نبی امی ﷺ کے غلام ہیں بلکہ قاضی
یوسف النبہانی (۱۳۵۰ھ/۱۹۳۱ء) کی طرح خود کو ان کے غلاموں کا غلام
کہنا چاہیے جیسا کہ مندرجہ ذیل نظم مشمولہ مجموعہ کلام در افضل مخلوق بعنوان''
سعادۃ الدارین''

اشعار کا ترجمہ

(۱) :۔ میں سید الانبیاء ﷺ کا غلام ہوں اور ان سے میری وفاداری کی کوئی
ابتدانہیں

(۲) :۔ میں ان کے غلام کا غلام ہوں بلکہ ان کے غلاموں کا غلام ہوں جسکی
کوئی انتہانہیں

(۳) :۔کیونکہ میں نے ان کے امیدواروں کے درمیان ان کی رضا کے

قرب کا کوئی باب نہیں چھوڑا۔

(۴) :۔ میں لوگوں کے درمیان ان کی عظیم تعلیم کا دعوی دار اور شعراء کے درمیان انکی مدحت میں نغمہ سرا ہوں۔

(۵) :۔شاید وہ مجھ سے فرمائیں گے کہ میری غلامی کے ''سلماں'' اور میرے اعلیٰ اظہارِ عقیدت کے ''حساں''

(۶) :۔ ہاں! میں خود کو ان کے حریم کی خاک پر قربان کردوں گا۔ یہ ان کا کرم ہوگا کہ وہ میری اس قربانی کو قبول فرمالیں۔

(۷) :۔ اس نے کامرانی حاصل کرلی جو خود کو ان کی طرف منسوب کرتا ہے نہ کہ انہیں اس طرح کے اتباع کی ضرورت ہے۔

(۸) :۔ کیونکہ انہیں مخلوقات سے کوئی حاجت نہیں ہے جبکہ وہ 'مخلوق'' بلا انتہا ان کے حاجت مند ہیں۔

(۹) :۔ وہ وحدہٗ لاشریک سے متعلق ہیں جس کے مقدس بندے ہیں جیسا کہ ان کی صفات واسماء سے ظاہر ہے۔

(۱۰) :۔ ہر فضل ربی، رب کی طرف سے ان کے پاس آتا ہے اور ان سے ہر شے کو عطا ہوتی ہے۔

نہ ابن میمون نہ امام مسجد اقصی نہ قاضی القضاۃ ابوالخیر نہ البہروی نہ الدرس کے مصنف نے یہ سوچا کہ عبدالنبی المالکی کو مسلمانوں کے قدوہ بنائے جانے سے قبل اس نام کو بدل دینا چاہیے۔ظاہر ہے کہ جملہ بزرنجی خانوادہ کے سادات (اشراف) علماء نے اس نام کو اچھا ہی سمجھا یعنی ''غلام نبی'' اور باپ سے لے کر بیٹے تک استعمال کیا۔

اگر صرف ذکر کردہ وہ گرامی نفوس۔عبدالنبی الایدروسی ،السید الشیخ عبداللہ سراج الدین اور قاضی یوسف النبہانی رحمھم اللہ اسماعیل دہلوی اور احسان الٰہی ظہیر سے مل سکے ہوتے تو انہیں شرک اور توحید اصلی کا سبق دیتے۔

اسماعیل وظہیر کی تعلیم کو درست سمجھنے سے لازم آئے گا وہ بزرگ اور ان سے وابستہ دنیا کے تمام سنی مسلمان مکمل جہالت میں مرے کیونکہ انہوں نے حتی الامکان عظیم گناہ کیا ؟ انکی باتوں سے اللہ پاک ، اللہ سبحانہ نے ارشاد فرمایا۔

''اور اس معاملہ میں مت بولو جسے تمہاری اپنی زبانیں جھوٹ قرار دیتی ہیں (پاک یا ناپاک) کہ یہ جائز ہے اور وہ ناجائز، تم اللہ کے لیے جھوٹ گھڑتے ہو ، دیکھو جو اللہ کے لیے جھوٹ گھڑتے ہیں کبھی کامیاب نہیں ہوتے''

ایک موقعہ پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ''گمراہی ان کے دلوں میں مٹھاس گھول دیتی ہے جو اسے پھیلاتے ہیں۔'' یہ اللہ سبحانہ و تعالی کے ارشاد کی تشریح کرتا ہے یعنی تم کس کو اس کی بدعملی پر لبھاتے ہو! تاکہ وہ خود اتنا ہی بہتر سمجھنے لگے جتنا کہ ہدایت یافتہ بندے ، کیونکہ اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور ہراہ دیتا ہے جسے چاہے۔

جب میں نے النبہانی کے مندرجہ ذیل اشعار پیش کیے تو ایک شخص نے مندرجہ ذیل ردعمل پیش کیا:

جب کبھی میں بدعتیوں اور فرقہ پرستوں کی کیفیت دیکھتا ہوں تو اس کے فضل و کرم کے لیے اللہ کا یقیناً بڑا احسان مند ہوجاتا ہوں کہ اس نے

مجھے اس جماعت کی بدبختانہ کیفیت سے محروم رکھا۔الحمد للہ!

خود کو مسلمان سمجھنے والا یہ شخص شیخ یوسف النبہانی پر ان کے اس شعر کی وجہ سے ''رسول اللہ ﷺ کے غلام'' غلامان غلام، کا غلام ہوں'' ان پر بدعتی اور فرقہ پرستی کا الزام عائد کرتا ہے اور اس بات پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہے کہ اللہ نے اسے اس بدبختانہ کیفیت سے محروم رکھا۔

یہ عجیب ستم ظریفی ہے کہ ہم اپنے زمانے میں بدعت و فرقہ پرستی میں ملوث افراد کو دیکھتے ہیں کہ روایتی سنی مسلمانوں کو بدعتی اور فرقہ پرست قرار دیتے ہیں۔اور اس پر خود کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے یہ ڈھینگ مارتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اپنے ایک دوست (ولی) کی بدبختانہ کیفیت سے محروم رکھا یہ یقیناً بڑا فریب ہے (والعیاذ باللہ)

ارشاد ربانی ہے۔''تم فرماؤ کیا ہم تمھیں بتا دیں گے کہ سب سے بڑھ کر ناقص عمل کن کے ہیں، انکے جن کی ساری کوشش دنیا کی زندگی میں گم گئی اور وہ اس خیال میں ہیں کہ ہم اچھا کام کر رہے ہیں''
(۱۸۔۱۰۳۔۱۰۴)

ان سے مباحثہ (مناظرہ) کی قطعاً ضرورت نہیں جو مسلمانوں (سواد اعظم) سے کٹ کر الگ اپنا حلقہ بنائے ہوئے ہیں ان کو ظاہر کرنا ضروری ہے کیونکہ اس وقت موجودہ امت اگلی امتوں پر کفر بکتی ہے۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔

''جو بھی لوگوں سے چھپاتا ہے وہ ایسا ہی گویا مجھ پر نازل کردہ آیاتِ الٰہیہ کو چھپاتا ہے''

ذیل میں تمام وہابیوں اور سلفیوں کی بابت ایک مراکشی محدث شیخ احمد ابن العریق الغماری کے فتوی کا اقتباس پیش ہے۔

''تو اللہ سے ڈرو اور اسکی طرح مت بنو جسے ان لوگوں نے اپنی بد مذہبی سے گمراہ کر دیا ہے اور تائید اور مشوروں سے جس کی حمایت کرتے ہیں اور حضور نبی کریم ﷺ نے ان کی گمراہی کی کیفیت بالصراحت بیان فرمادی ہے اور

(۱) ہمیں مطلع کردیا ہے کہ وہ آسمان کے نیچے بسنے والوں میں سب سے بدتر ہیں (الترمذی، ابن ماجہ، اور احمد۔چار روایتوں سے)

(۲) وہ دین سے ایسے نکل آئے ہیں جیسے نشانہ سے تیر
(البخاری، مسلم، ابوداؤد، ابن ماجہ، احمد اور الدارمی)

(۳) وہ اپنی توحید پرستی کے رٹے رٹائے جملے بولتے ہیں، سنت پر عمل کا دعوی کرتے ہوئے بدعت سے لڑنے والا بتاتے ہیں لیکن واللہ وہ بدعت میں پوری طرح ڈوبے ہوئے ہیں درحقیقت ان کی بدعت سے بڑھ کر بدعت نہں ہے جنھوں نے خود کو دین سے ایسا دور کردیا ہے جیسے نشانہ سے تیر۔
باوجودیکہ عبادات میں ظاہری کوشش او دین سے نمائش وابستگی:۔
(صحاح ستہ اور مسند احمد)

اور اللہ سب سے بڑھ کر جاننے والا ہے اور درودوسلام ہو مالک کونین، ان کے اہل بیت اور اصحاب پر اور تعریف اس اللہ کی جو سارے جہانوں کا رب ہے۔

مسئلہ استعانت

۲۔ظہیر دعوی کرتا ہے کہ اللہ کے سوا کسی اور سے مدد مانگنا غیر اسلامی اور کفری فعل ہے ۔بریلوی (برصغیر کے سنی مسلمان جن پر وہابیوں نے یہ نام چسپاں کیا ہے) اللہ کے سوا انبیاء،اولیاء، کو اپنی حاجت میں پکارتے ہیں اور یہ انکی کتابوں سے ظاہر ہے۔

(امام) احمد رضا بریلوی نے کہا ہے:

'' اللہ کے ایسے بندے ہیں جن کو اللہ نے حاجت روائی کے لیے مختص کردیا ہے'' (الامن والعلی صفحہ ۹۲)

اور یہ بھی کہا ہے'' اللہ کے سوا کس اور سے مدد طلب کرنا جائز ہے اور مستحب ہے بدمذہب گستاخوں کے سوا اب کوئی اور منکر نہیں ہے۔''

(حیات الموات فتاوی رضویہ جلد چہارم صفحہ ۳۰۰)

اور یہ بھی کہا ہے ۔الامن والعلی صفحہ ۱۰۔ پر کہ رسول اللہ ﷺ دافع البلاء اور قاسم نعمت ہیں''

اپنے ملفوظات میں یہ بھی کہا ہے کہ جبریل حاجت روائی کرتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ حاجت روائی کرتے ہیں اور رسولِ کریم ﷺ جبریل کے بھی حاجت روا ہیں'' اور ظہیر، امام احمد رضا بریلوی کے ملفوظات صفحہ ۳۰۷ کی اس عبارت پر کفر کا الزام دھرتا ہے کہ:'' میں نے اپنی زندگی میں شیخ عبدالقادر (رضی اللہ عنہ) کے سوا مصیبت یا حاجت میں کسی اور سے مدد طلب نہ کی ۔ایک بار میں نے ایک دوسرے ولی (حضرت محبوب الٰہی قدس

سرہ) سے استمداد چاہا لیکن جب کہنا چاہا تو یا غوثاہ (اے آپ کی مدد درکار ہے) ہی نکلا میری زبان نے دوسرے سے استمداد کے لیے روک دیا۔

ظہیر نے پھر امام احمد رضا پر الزام تراشی کی کہ انہوں نے'' الامن والعلی صفحہ ۴۴'' پر جب تم کسی بھی امر میں لاچارو بے مدد ہوجاؤ تو اہلِ قبور سے مدد طلب کرو'' تو ظہیر کہتا ہے کہ یہ سب اسلام میں مسترد کردیے گئے ہیں جب کہ ہم کتنی بار یہ کہہ چکے ہیں ۔'' ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں'' (۱:۴)

جواب: انہوں نے '' ہم تجھی کو پوجیں'' کے معنی سمجھے ہی نہیں ۔مندرجہ بالا کوئی بھی قول نہ تو عبادت سے متعلق ہے نہ ہی وہ اس کا مطلب سمجھتے ہیں'' تجھی سے مدد چاہیں'' ۔اگر وہ سوچتے ہیں کہ یہ توسل کی تردید کرتا ہے تب تو یہ اس کی بھی تردید کرے گا'' ان کا راستہ چلا جن پر تو نے احسان فرمایا'' جو بذاتِ خود توسل ہے۔

امام احمد رضا کے مندرجہ بالا اقوال کو درست تسلیم کرتے ہوئے اس کے معانی حسب ذیل ہیں۔'' اللہ تعالٰی نے اپنے کچھ بندوں کو بقوتِ مصیبت زدہ بندوں کی حاجت روائی کے لیے مختص کردیا ہے'' کہنا اگر یہ جائز نہیں ہے تو ڈاکٹر سے رجوع کرنا ،قرض لینا ،کسی سے بھی ایک گلاس پانی مانگنا وغیرہ بھی شرک کہیے ۔اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے'' وہ کشتی کہ دریا میں لوگوں کے فائدے لے کر چلتی ہے'' (۲:۱۶۴)

'' دنیوی مسائل ایک مسلمہ حقیقت (رکن اسلام) زکوٰۃ کی بھی یہی حکمت ہے اگر چہ اللہ ہی عطا کرتا ہے اور روکے رہتا ہے جیسا کہ اس حدیث

میں ہے'' مخلوق اللہ کی عیال ہے اور ان میں وہ لوگ اللہ کو محبوب ہیں جو اس کی عیال کے لیے مدد گار ہیں''

(ب) '' اللہ کے سوا کسی اور سے استمداد جائز اور مستحب ہے۔ ہٹ دھرم اور گستاخ کے سوا اس کا کوئی منکر نہیں''

یہ کہنا حق ہے اور جائز اور مستحب ہے۔ دنیا میں اسباب و وسائل کی پیروی واجب اور ان سے احتراز ممنوع ہے اس عذر پر کہ اللہ تعالیٰ کو اس کی ضرورت نہیں (بے نیاز ہے) اور جو مقدر میں ہے ہو کر رہے گا فرقہ جبریہ کی طرح۔

مندرجہ بالا حقائق کو نظر انداز کرنا یا ان سے نظر اندازی کی نمائش کرنا اسلام کا حصہ ہے (جز) نہیں یہ قطعاً سچ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ بد بخت بندے بھی مختص کر دیے ہیں '' مشکلات پیدا کرنے'' مسلمانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالنے اور ان پر کفر و شرک کی الزام تراشی کرنے کے لیے اور اولیاء کرام کو پکارنے والوں کو برے ناموں سے یاد کرنے کے لیے۔

(ج) ''رسول اللہ دافع البلاء اور قاسم نعمت ہیں'' یہ صحیح حدیث سے ثابت ہے جس میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے''میں ماحی ہوں '' (بخاری و مسلم)

حضور ماحی ہیں یعنی رحمۃ للعالمین اور معطی بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

بزار کی حدیث ، مسند اور دوسری مستند احادیث سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا '' میں رحمت عطا کرنے والا ہوں'' اور صحیحین میں ہے'' جو تمہارے پاس رب کی طرف سے آتا ہے میں اس کا معطی ہوں''

(د) جبریل علیہ السلام اور رسول اللہ ﷺ حاجت روا ہیں اور رسول

اللہ ﷺ جبریل علیہ السلام کے بھی حاجت روا ہیں'' یہ صحیح مسلم کی حدیث سے ثابت ہے (حدیث قدسی) جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا'' اے جبریل محمد ﷺ کے پاس جاؤ اور انہیں بتاؤ کہ میں تمھیں تمھاری امت کی بابت مطمئن کر دونگا اور تم سے کبھی ناراض نہیں ہونگا اور جبریل علیہ السلام بھی امت محمدیہ کے ایک فرد ہیں جیسا کہ سارے فرشتے ، مسلم امۃ کے اجماع سے ہیں''۔

لہٰذا یہ ایسے ہی ہے جیسا کہ 'ہند وسندھ' کے شیخ امام احمد رضا نے فرمایا اور جیسا کہ امام بوصیری نے بھی فرمایا ہے کہ'' دنیوی ضروریات ان کے ہوتے ہوئے کیسے نہ پوری ہوں کہ جن کے لیے دنیا وجود میں آئی ہے''اور قاضی یوسف النبہانی نے فرمایا ہے کہ'' مخلوق تک ہر نعمت (عطا) الٰہیہ رسول اللہ ﷺ کے توسط سے پہنچتی ہے''

شیخ الاسلام تقی الدین سبکی نے فرمایا ہے کہ'' یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میری زندگی میں ہر وہ بہتری جو اللہ نے عطا فرمائی ہے رسول اللہ ﷺ ہی کے طفیل ہے کہ وہی میرے حاجت روا ہیں اور انہی پر میرا بھروسہ ہے اپنے ہر امر میں اس دنیا اور آخرت میں اللہ سے طلب کرتے ہیں اور میں اللہ کی عطاؤں کے لیے جو کہ بیشمار ہیں (ظاہر و باطن میں) اس کا ممنون احسان ہوں''۔اور سلطان عبدالحمید نے فرمایا '' اے سیدنا محمد ﷺ آپ حقیقت میں ساری مخلوق کے سرور ہیں'' اللہ تعالیٰ ان سب پر رحمت نازل فرمائے !

تمام اہل حق پر حضور ﷺ کے ذریعہ عطیات الٰہی کو مخلوق تک پہنچنے

میں جنوں اور انسانوں کی عداوت کے باوجود بھی کوئی نہیں روک سکتا۔

(ہ) ''میں نے اپنی زندگی میں شیخ عبدالقادر (رضی اللہ عنہ) کے سوا کسی اور کو مدد کے لیے نہیں پکارا۔ جب بھی میں مدد طلب کرتا ہوں تو تنہا انہیں سے مدد کا طالب ہوتا ہوں۔''

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی عطا سے مدد فرماتے ہیں اور جواب دیے گئے اصول کے مطابق ہے بابائے وہابیت محمد بن عبدالوہاب نجدی نے خود یہ بات تسلیم کی ہے کہ: ہم مخلوقات خداوندی سے مدد طلب کرنے کو منع کرتے ہیں اسے مسترد نہیں کرتے اس لئے کہ وہ بھی مدد کر سکتے ہیں' حضرت عبدالقادر رضی اللہ عنہ تو برزخ میں بھی مدد کی قدرت رکھتے ہیں' یہ بات تواتر سے ثابت ہے۔

(و) اس بیان کے متعلق کہ عالم بیچارگی میں اہل قبور سے مدد طلب کرو' تو یہ اگلے صوفیاء کی تصانیف سے نقل کردہ اختراعی حدیث ہے یہ حدیث تو نہیں لیکن حضور ﷺ کے اس حکم (فرمان) کے مطابق صحیح ہے کہ '' آخرت کو یاد رکھنے کے لیے قبروں کی زیارت کرو حضور ﷺ کا ابن عمر رضی اللہ عنہ کو فرمانے کا مطلب یہ تھا کہ خود کو اہل قبور میں ہی شمار کرو یا انہیں کی طرح اپنے آپ کو سمجھو گویا مردوں کی قبر کی زیارت سے عبرت حاصل کرو اور ایک دن تمہیں بھی انہیں میں ملنا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کو یاد رکھو اور اس کی رضا پر راضی رہو اور اس فانی دنیا سے زیادہ دل نہ لگا کر خود کو پیدا کردہ مصائب و بیچارگی میں کم سے کم مبتلا پاؤ!

❀❀❀❀❀❀❀❀❀

مسئلہ علمِ غیب

نمبر۳۔ ظہیر پھر یہ الزام دھرتا ہے کہ '' بریلویوں کا عقیدہ ہے کہ انبیاء و اولیاء کو علمِ غیب حاصل ہے۔ اس پر وہ تنقید کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ قرآن و سنت سے مسترد اور کفر ہے۔''

مندرجہ بالا دعویٰ قرآن و سنت کی اصل تعلیمات پر کفرو جہالت کا اظہار و الزام ہے۔ الدولۃ المکیہ صفحہ ۵۸۔ از شیخ امام احمد رضا '' انبیاء کرام نہ صرف یہ علم رکھتے ہیں بلکہ روزِ اول سے آخر تک جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ ہونے والا ہے ان کو دیکھتے اور ان کا مشاہدہ کرتے ہیں۔'' یہ قرآن مقدس کی اس آیت سے ثابت ہے۔ '' تو کیسی ہوگی جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں گے'' (۴:۴۱)

اس طرح ہر نبی اپنی امت پر گواہ ہے یعنی وہ روزِ اول سے آخر تک ان کے ہر معاملہ کا مشاہدہ کرتا رہتا ہے جو کہ ان کی امت کی گواہی ہے اور ہمارے نبی ﷺ ان سب پر نگہبان ہیں۔

'مفتی احمد یار خاں نعیمی کی تصنیف '' مواعظِ نعیمیہ صفحہ۱۹۲'' میں ہے کہ '' انبیاء کرام اپنی ولادت ہی سے علمِ غیب کے حامل ہوتے ہیں'' حدیث احادیث کے بڑے اصول پر یہ بات مسلم ہے کہ انبیاء مادرزاد انبیاء (غیب داں) ہوتے ہیں اور نبی کے معنی ہی غیب کی خبر دینے والا ہے۔

شیخ احمد رضا خاں بریلویؒ نے اپنی تصنیف '' خالص الاعتقاد صفحہ ۳۸

'' پر فرمایا ہے کہ '' لوح وقلم اور جو کچھ ہو چکا ہے اور وجود میں آنے والا ہے ان سب کا علم نبی کریم ﷺ کے علم کا ایک جز ہے'' مندرجہ بالا امور حقائق کی روشنی میں ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ کو ہر ساعت کا علم ہے ۔ بخاری اور مسلم نے حذیفہ ،ابوزر غفاری اور دوسرے صحابہ کرام سے روایت کی ہے کہ '' حضور نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے اور کافی دیر تک خطاب فرماتے رہے اور اس وقت سے قیامت تک آنے والے تمام وقعات بتادیے اور کوئی بات چھوٹنے نہ پائی ۔جنہیں یاد ہے انہیں یاد ہے اور جو بھول گئے وہ بھول گئے۔''موجودہ حضرات بھی جانتے ہیں۔

شیخ امام احمد رضا نے جو فرمایا ہے' وہ مواعظ نعیمیہ میں منقول ہے(صفحہ ۳۶۴،۳۶۵)'' اگر نبی کریم ﷺ کسی جانور پر اپنے قدم رکھ دیں تو اسے غیب کا علم مل جا تا ہے تو پھر ایک ولی جن پر ان کا ہاتھ ہو ،ظاہر وباطن (حاضر وغائب) عالم سے کیسے واقف نہ ہوگا مندرجہ بالا پہلا جملہ حدیث کی تمثیل پر زور بیان کے لیے بطورِ مبالغہ کہا گیا ہے کہ اللہ کا علم رکھنے والے انبیاء کرام کے وارث ہیں چونکہ علمِ غیب رسول اللہ ﷺ کا معجزہ ہے اور اسی کی پیروی میں یہ اولیائے کرام کی کرامت ہے یہ دونوں اللہ عزوجل کی عطا کردہ ہیں جسے کوئی روک نہیں سکتا اس بابت اشرف علی تھانوی نے ایک باب بعنوان ''نعلین نبوی کے فیوض (فیضان) '' میں بہت کچھ بیان ہے اور محمد زکریا کاندھلوی نے شمائل ترمذی کے ترجمہ میں اس باب کی تعریف کی ہے۔

جہاں تک امام احمد رضا '' کا تعلق ہے'' الدولۃ المکمیہ'' تو وہ حقیقتاً

ایک ایسا شاہکار جواہر ہے جو توحید پر مصنف کی کاملیت کا بین ثبوت ہے۔ یہ محال ہے کہ کوئی شخص الدولۃ المکیہ کا مطالعہ تمام اسناد سے کرے اور پھر مصنف کی اعلیٰ سنیت کا انکار کردے تو وہ خودسنی نہیں رہے گا ۔والعیاذ باللہ

کفریات کا قرآن وسنت سے رد

"تم فرماؤ غیب نہیں جانتے جو کوئی آسمانوں اور زمینوں میں ہیں سوائے اللہ کے، اور انہیں خبر نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے" (۲۷:۶۵)

اور وہ کہتے ہیں کہ ان پر ان کے اللہ کی طرف سے کوئی نشانی نہیں اتاری گئی' تم فرماؤ غیب تو اللہ کے لیے ہے ۔اب راستہ دیکھو میں تمہارے ساتھ راہ دیکھتا ہوں" (۱۰:۲۰)

ظہیر کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لڑکی کو گاتے ہوئے سنا کہ "ہمارے درمیان ایک ایسے نبی ہیں جو کل واقع ہونے والی چیز کی خبر رکھتے ہیں اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا "اسے چھوڑو اور جو پہلے کہہ رہی تھی اسی کو کہو" (بخاری)

یہ یہودیوں کی خصلت ہے کہ وہ کتاب کے کچھ حصے پر یقین رکھتے ہیں کچھ پر نہیں۔اہل سنت مندرجہ بالا سبھی آیات پر عقیدہ رکھتے ہیں اور یہ بھی عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے غیب پر مطلع فرما دیتا ہے جیسا کہ ارشاد ہے۔" غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے کہ آگے پیچھے پہرا مقرر کردیتا ہے" (۷۲:۲۶،۲۷) نبی کے معنی ہوتے ہیں جو غیب کی خبر دے ۔"عیسیٰ علیہ السلام کا ایک یہ بھی معجزہ تھا جیسا کہ انہوں نے فرمایا۔"اور جو تم اپنے گھروں میں چھپاتے ہو مجھے اس کی بھی خبر ہے۔"

جتنا کچھ یہ اہل بدعت بولتے ہیں یہ آیاتِ قرآنیہ اور ان کے معانی

میں جعل کرتے ہیں ۔انہیں عقل سے کوئی حصہ نہیں ملا، حالانکہ کفار کو بھی کچھ حصہ عقل سے حاصل ہے۔ جہاں تک اس لڑکی کے مدحیہ اشعار کی بابت حدیث کا تعلق ہے تو اسے نبی کریم ﷺ کا وہ شعر نہ پڑھنے کا حکم کی وجہ یہ نہیں ہے کہ انہیں آنے والے واقعات کی خبر نہیں تھی ۔جیسا کہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ اللہ ہی عالم الغیب ہے جیسے فرمایا۔" غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے کہ آگے پیچھے پہرا مقرر کردیتا ہے" (۷۲:۲۶،۲۷)

اللہ نے نبی امی ﷺ کو قیامت تک کا علم دیا اور یہاں تک کہ آخرت کا بھی ۔ رسول اللہ ﷺ نے اس بنا پر اعتراض کیا تھا کہ اس میں مطلق علمِ غیب کی بات کی گئی تھی جو صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

